ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

خواتین ٹی ٹوئنٹی سیریز: پاکستان ویمنز اے، ویسٹ انڈیز ویمنز اے اور تھائی لینڈ ایمرجنگ ویمنز کل سے مدمقابل

لاہور 2 نومبر، 2023ء:

پاکستان ویمنز اے، ویسٹ انڈیز ویمنز اے اور تھائی لینڈ ایمرجنگ کی ٹیمیں کل سے لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مدمقابل ہورہی ہیں۔

تین ٹیموں کے درمیان سنگل لیگ کی بنیاد پر میچز کھیلے جائیں گے اور دو ٹاپ ٹیمیں آٹھ نومبر کو فائنل میں مدمقابل ہونگی۔

یہ پہلا موقع ہے کہ پاکستان میں ویمنز ایمرجنگ ٹیموں کا کوئی ٹورنامنٹ منعقد ہورہا ہے۔ یہ سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز پاکستان ویمنز اے اور ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی ون ڈے سیریز کے بعد ہورہی ہے۔ ون ڈے سیریز ویسٹ انڈیز ٹیم نے دو ایک سے جیتی تھی۔

پاکستان نے اپنی ٹیم میں ایک تبدیلی کی ہے اور زخمی طوبیٰ حسن کی جگہ کائنات حفیظ کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ کائنات 2019 میں انگلینڈ کے خلاف ایک ون ڈے انٹرنیشنل کھیل چکی ہیں۔

رامین شمیم ون ڈے سیریز کے بعد ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی کپتانی جاری رکھیں گی۔ ون ڈے سیریز میں وہ انوشے ناصر کے ساتھ چھ وکٹیں لے کر مشترکہ طور پر سرفہرست رہی تھیں۔

پاکستان کی ٹیم میں چھ انٹر نیشنل کھلاڑی رامین شمیم، گل فیروزہ، عمیمہ سہیل، کائنات حفیظ، شوال ذوالفقار اور سدرہ نواز شامل ہیں۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے ٹیم کی قیادت راشاداولیمز کر رہی ہیں جو ون ڈے سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والی بیٹر تھیں۔ تھائی لینڈ ایمر جنگ ویمنز ٹیم پہلی مرتبہ پاکستان کے دورے پر آئی ہے وہ اس سہ فریقی سیریز کے بعد پاکستان ویمنز اے کے خلاف دو ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز دس اور گیارہ نومبر کو لاہور میں کھیلے گی۔

تھائی لینڈ ایمر جنگ ویمنز کی اس ٹیم کی پندرہ میں سے سات کھلاڑی ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل میں اپنی سینئر ٹیم کی نمائندگی کر چکی ہیں۔

تھائی لینڈ ویمنز ایمر جنگ کی کپتان تھیپاچا پو تھاوونگ نے پی سی بی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ یہ سیریز کھیلتے ہوئے خوشی اور اعزاز محسوس کر رہی ہیں خاص کر قذافی اسٹیڈیم لاہور جیسے اہم سینٹر پر۔

انہوں نے یہ سیریز منعقد کرنے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی ٹیم اس دورے میں اچھی کارکردگی دکھانے کی کوشش کرے گی۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی کپتان راشاداولیمز کا کہنا ہے کہ ون ڈے سیریز جیتنے کی انہیں خوشی ہے اور اب ان کی تمام تر توجہ سہ فریقی سیریز پر ہے اور ہم اس شارٹ فارمیٹ میں اپنی مہارت دکھاتے ہوئے دوبارہ چیمپئن بننا چاہتی ہیں۔

پاکستان ویمنز اے کی کپتان رامین شمیم کا کہنا ہے کہ ہم نے ون ڈے سیریز میں کی گئی غلطیوں سے سیکھا ہے اور خود کو اسی کے مطابق تیار کیا ہے ہم اس سہ فریقی سیریز میں ہم اپنی بہترین صلاحیتیں دکھانا چاہتی ہیں اور یہ ٹیم کے لیے بہت اچھا موقع ہے۔ ٹیم کا کامبی نیشن بہت اچھا ہے اور ہم اپنے چانسز کے سلسلے میں پر امید ہیں۔

پاکستان اسکواڈان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔رامین شمیم (کپتان)،امبر کائنات،انوشے ناصر،ایمان فاطمہ،فاطمہ شاہد،گل فیروزہ (وکٹ کیپر)،گل رخ،حمنہ بلال،کائنات حفیظ،نورین یعقوب،عمیمہ سہیل،صائمہ ملک،شوال ذوالفقار،سدرہ نواز (وکٹ کیپر) اور تسمیہ رباب۔

ٹریولنگ ریزرو۔فاطمہ خان،ماہم منظور،اور خدیجہ چشتی۔

بیک اپ ریزرو۔معصومہ زہرا اور یسری عامر۔

سہ فریقی سیریز کاشیڈول:

3 نومبر۔پہلاٹی ٹوئنٹی پاکستان ویمنز اے بمقابلہ ویسٹ انڈیز ویمنز اے قذافی اسٹیڈیم لاہور۔

4 نومبر۔دوسراٹی ٹوئنٹی۔ویسٹ انڈیز ویمنز اے بمقابلہ تھائی لینڈ ایمرجنگ ویمنز۔قذافی اسٹیڈیم لاہور

5 نومبر۔تیسراٹی ٹوئنٹی۔پاکستان ویمنز اے بمقابلہ تھائی لینڈ ایمرجنگ ویمنز۔قذافی اسٹیڈیم لاہور

8 نومبر۔چوتھاٹی ٹوئنٹی۔فائنل۔قذافی اسٹیڈیم لاہور

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial